| INTERNATIONAL INDIAN SCHOOL DAMMAM |
|---|
| **ANNUAL** URDU PRACTICE PAPER 2023-2024 |
| CLASS: X GSS |

**(سوال 1) درج ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھئے اور اس سے متعلق سوالوں کے جوابات لکھئے۔**

آج کل کے عالم کہتے ہیں کہ ہماری دنیا پہلے آگ کا ایک گولا تھی۔ اس آگ کا نہیں جو ہمارے گھروں میں جلتی ہے۔ یہ ایک اور ہی آگ تھی جو بن جلائے جلی اور بن بجھائے بجھ گئی۔ شاید یہ وہ چیز تھی جسے ہم بجلی کہتے ہیں۔ لیکن کبھی نہ کبھی دنیا آگ کا گولا تھی ضرور، کیونکہ ہمیں ایسے ہی لاکھوں، کروڑوں آگ کے گولے آسمان میں چکّر کھاتے دکھائی دیتے ہیں اور ہماری زمین پر اب بھی آتش فشاں پہاڑ جب چاہتے ہیں دہکتی آگ اگل دیتے ہیں یا زمین سے کھولتے پانی کے چشمے پھوٹ نکلتے ہیں۔ دوسرے آگ کے گولے جو دنیا سے بہت بڑے اور بہت زیادہ پرانے ہیں، اب تک آگ ہی آگ ہیں۔ دنیا میں یہ آگ، پانی اور زمین کیوں بن گئی یہ ہمیں نہیں معلوم۔ بس ہماری قسمت میں کچھ یہی لکھا تھا۔

**1۔ ہماری دنیا پہلے کیا تھی؟**

(A) آگ کا شعلہ (B) آگ کا گولا

(C) آگ کا الاؤ (D) آگ

**2۔ لاکھوں کروڑوں آگ کے گولے کہاں چکّر کھاتے ہیں؟**

(A) پانی میں (B) ہوا میں

(C) زمین میں (D) آسمان میں

**3۔ بن جلائے جلنے اور بن بجھائے بجھنے والی آگ کو ہم کیا کہتے ہیں؟ (جواب ایک لفظ میں)**

**4۔ آتش فشاں پہاڑ کیا کرتے ہیں؟ (جواب ایک جملے میں)**

**5۔ زمین سے کس چیز کے چشمے پھوٹ نکلتے ہیں؟ (جواب ایک جملے میں)**

**(سوال 2) درج ذیل درسی شعری حصّے کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے۔**

جنگ تو خود ہی ایک مسئلہ ہے جنگ کیا مسئلوں کا حل دے گی
آگ اور خون آج بخشے گی بھوک اور احتیاج کل دے گی

اس لیے اے شریف انسانو!      جنگ ٹلتی رہے تو بہتر ہے
آپ اور ہم سبھی کے آنگن میں      شمع جلتی رہے تو بہتر ہے

**1۔ درج بالا شعری حصّہ کس نظم سے لیا گیا ہے؟**

(A) پہاڑ اور گلہری    (B) اے شریف انسانو!    (C) نیکی اور بدی    (D) غزل غالب

**2۔ شاعر نے جنگ کو کیا کہا ہے؟**

(A) خوبی    (B) خامی    (C) کامرانی    (D) مسئلہ

**3۔ 'احتیاج' لفظ کے کیا معنی ہیں؟ (جواب ایک لفظ میں)**

**4۔ شاعر کے مطابق کیا جنگ سے دنیا کے مسائل حل ہو سکتے ہیں؟ (جواب ایک جملے میں)**

**5۔ شاعر نے اس نظم کے ذریعہ کیا پیغام دیا ہے؟ (جواب ایک جملے میں)**

**(سوال 3) درج ذیل غیر درسی عبارت کو غور سے پڑھئے اور اس سے متعلق سوالوں کے جوابات لکھئے۔**

نیک آدمی نیکی کو عزیز رکھتے ہیں اور بدی سے پرہیز کرتے ہیں۔ خدا پر توکّل کرتے ہیں، بخشش اور انعام دیتے ہیں۔ نیک آدمیوں کی صحبت کا حال پانی کا سا ہوتا ہے۔ اس کی بوند جلتے توے پر پڑی تو بخار بن کر اُڑ گیا۔ کنول کے پتّوں پر پڑی تو ہیرے کے ٹکڑوں کی طرح چمکنے لگی۔ سمندر میں سیپ کے منہ میں گئی تو موتی بن گئی۔ غرض وہ اپنی صحبت کے رنگ اہل صحبت کی لیاقت اور قابلیت کے مطابق دکھاتے ہیں۔ نیک آدمی اپنی مہربانی سے وہ برے دلوں کو بھلا، احمقوں کو عقل مند، دشمنوں کو دوست اور زہر کو امرت بنا دیتے ہیں۔ پس اے لوگوں، تم نیک بنا چاہو تو سچ بولو۔ سیدھے راستے پر چلو، دوسروں کی قدر کرو اور دشمنوں سے محبّت کرو۔ سب سے خوش اخلاقی سے پیش آؤ۔ اگر کوئی تمہارے ساتھ بھلائی یا احسان کرتا ہے تو اس کا خلوص دل سے شکر ادا کرو۔

**1۔ نیک آدمی میں کیا خوبیاں ہوتی ہیں؟**

(A) نیک آدمی نیکی سے پرہیز کرتے ہیں    (B) دشمنوں سے نفرت کرتے ہیں
(C) نیکی عزیز رکھ کر بدی سے پرہیز کرتے ہیں    (D) نیک آدمی میں کوئی خوبی نہیں ہوتی

**2۔ نیک آدمی کی صحبت کا حال کیسا ہوتا ہے ؟**

(A) پانی کا سا    (B) آگ کا سا    (C) زہر کا سا    (D) جلتے توے جیسا

**3۔ پانی کی بوند سیپ میں جا کر کیا بن جاتی ہے؟ (جواب ایک لفظ میں)**

**4۔ احمق کا متضاد لفظ کیا ہے؟ (جواب ایک جملے میں)**

5۔ نیک بننے کے لیے کیا کرنا چاہیئے؟ (جواب ایک جملے میں)

**(سوال4) درج ذیل غیر درسی اشعار کو غور سے پڑھیئے اور اس سے متعلق سوالوں کے جوابات لکھئے۔**

محبّت کا زمزم بہاتے چلو — خوشی کے ترانے سناتے چلو
وطن کو نئی زندگی بخش دو — بہاروں کا مژدہ سناتے چلو
یہ گلشن امانت ہے تم ہو امین — اسے رشکِ جنّت بناتے چلو
دلوں سے مٹا کر سبھی نفرتیں — محبّت کی خوشبو بساتے چلو
نہ دم لو راہ میں بھول کر — قدم سوئے منزل بڑھاتے چلو

**1۔ شاعر کس طرح کے ترانے سنانے کی بات کر رہا ہے؟**

(A) محبّت کے (B) خوشی کے (C) میل جول کے (D) آزادی کے

**2۔ وطن کو نئی زندگی بخش دینے سے شاعر کی کیا مراد ہے؟**

(A) گم سم بیٹھے رہنا (B) وطن کو ترقّی کی طرف لے جانا
(C) آزادی کے گیت گانا (D) وطن میں خوشیاں منانا

**3۔ شاعر وطن کو کس کے مانند بنانے کی بات کر رہا ہے؟ (جواب ایک لفظ میں)**

**4۔ محبّت کی خوشبو کس طرح پھیلائی جا سکتی ہے؟ (جواب ایک جملے میں)**

**5۔ شاعر کس جانب قدم بڑھانے کی بات کر رہا ہے؟ (جواب ایک جملے میں)**

**(سوال5) درج ذیل موضوعات پر 250 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھئے۔**

مذہبی تہوار، قومی تہوار، صحت اور کھیل کود ، کسی کھیل یا میلے کا آنکھوں دیکھا حال، پسندیدہ شخصیت ، چھٹّیوں کے بعد اسکول کا پہلا دن، اسکول کا سالانہ جلسہ وغیرہ عنوانات پر مضامین لکھنے کی مشق کیجیئے۔

**(سوال6) درج ذیل خطوط اور درخواست لکھنے کی مشق کیجیئے۔**

**خطوط:** اپنے بھائی کو امتحان میں اوّل آنے پر مبارکباد، دوست یا سہیلی کو اپنے گھر آنے کی دعوت، والد صاحب کو فیس جمع کرنے اور کچھ ضروری کتابیں خریدنے کے لئے پیسے طلب کرتے ہوئے ، اپنی والدہ کو اپنی تعلیمی مصروفیات اور چھٹّیوں میں گھر آنے کی تفصیل بیان کرتے ہوئے خط لکھنے کی مشق کیجیئے۔

**درخواست :** اسکول کے پرنسپل صاحب کے نام فیس معافی، سکشن بدلنے، شادی میں شرکت کرنے کے لئے چار یوم کی رخصت اور بیماری کے سبب دو یوم کی چھٹّی کی درخواست لکھنے کی مشق کیجئے۔

(سوال7) A) منشی پریم چند، حبیب تنویر اور رتن سنگھ کی حالاتِ زندگی اور ان کی ادبی خدمات پر مختصر نوٹ لکھئے۔

B) لین شو، رضیہ سلطان، بندو اور وزیر علی کے کردار پر مختصر نوٹ لکھئے

C) i) ڈاکٹر امبیڈکر کی زندگی سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟ اِن کا اہم کارنامہ کیا ہے؟

ii) اِنٹرنٹ کے فائدے اور نقصانات پر اظہارِ خیال کیجئے۔

iii) 'رضیہ سلطان ایک اعلٰی درجے کی حکمراں تھیں' اس قول کی روشنی میں رضیہ سلطان کے کردار کی خوبیاں بیان کیجئے۔

(سوال8) A) شاعر اِسمعیل میرٹھی، مرزا غالؔب، اور ساحر لدھیانوی کی حالاتِ زندگی اور اُن کی شاعری کی خصوصیات پر روشنی ڈالئے۔

B) نظم حمد، نیکی اور بدی، پہاڑ اور گلہری، اے شریف اِنسانو! اور قدم بڑھاؤ دوستو! کا خلاصہ اور مرکزی خیال لکھئے۔

C) i) نظم حمد کی روشنی میں نیچے دیئے گئے مصرعے پر پانچ جملے لکھئے تعریف اُس خدا کی جس نے جہاں بنایا۔

ii) پہاڑ اور گلہری کی گفتگو کو اپنے الفاظ میں لکھئے۔

iii) کیا جنگ سے کسی مسئلہ کا حل ممکن ہے؟ شاعر نے نظم میں جنگ سے ہونے والے کن کن نقصانات کی طرف اشارہ کیا ہے؟

(سوال9) نیچے دیئے گئے سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجئے۔

1۔ **وہ فعل جس کا فاعل معلوم ہو، کیا کہلاتا ہے؟**

(A) فعل معروف (B) مترادف (C) فعل ماضی (D) فعل مجہول

2۔ "زوردار بارش ہو رہی ہے"، فعل کی قسم کی پہچان کیجئے۔

(A) فعل مستقبل (B) فعل ماضی (C) فعل حال (D) فعل معروف

3۔ وہ کام جو آنے والے وقت میں ہو:

(A) فعل مجہول (B) فعل مستقبل (C) فعل ماضی (D) فعل حال

4۔ الفاظ جو معنی میں ایک دوسرے سے ملتے جلتے ہوں، انہیں کیا کہا جاتا ہے؟

(A) مترادف الفاظ (B) مرکّب الفاظ (C) متضاد الفاظ (D) حروف عطف

5۔ اتّحاد و------ ہماری ترقّی کے لئے ضروری ہیں۔

(A) نفاق (B) اتّفاق (C) اخلاق (D) اسباق

6۔ بامعنی الفاظ سے پہلے لگنے والے حروف کو------ کہتے ہیں۔

(A) لاحقہ (B) سابقہ (C) تشبیہ (D) متضاد

7۔ 'ناک' لاحقے کا استعمال کر کے صحیح لفظ لکھئے۔

(A) الم (B) ستم (C) ہم (D) گل

8۔ لفظ 'ملکہ' کا مذکّر لفظ ہے-

(A) بادشاہ (B) سلامت (C) غلام (D) بیگم

9۔ اسم خاص کو------ بھی کہا جاتا ہے۔

(A) اسم (B) اسم نکرہ (C) اسم عام (D) اسم معرفہ

10۔ لفظ 'عمارت' ہے

(A) اسم نکرہ (B) سابقہ (C) اسم معرفہ (D) لاحقہ

11۔ جملے میں کسی جذبے کے اظہار کے لئے جو علامت لگائی جاتی ہے اسے------ کہتے ہیں۔

(A) واوین (B) فجائیہ (C) وقفہ (D) ختمہ

12۔ وہ نشان جو جملے میں مختصر وقفے کے لئے لگایا جاتا ہے اسے کیا کہتے ہیں؟

(A) قوسین (B) ختمہ (C) سکتہ (D) وقفہ

13۔ 'خیر' کی ضد ہے:

(A)شب (B)شر (C)شرارت (D)شریر

14۔ لفظ 'امن' کا متضاد ہے:

(A)دنگ (B)سنگ (C)جنگ (D)تنگ

15۔ 'سلطان' کی جمع ہے:

(A)سلاطین (B)سلاطون (C)سلطنت (D)سلطون

**(سوال10) درج ذیل الفاظ, محاورے اور کہاوتوں کو جملوں میں استعمال کیجئے۔**

کھوپڑی میں نہ سمانا ، بھیس بدلنا ، ذہن ، وفاداری ، ابھی دلّی دور ہے ، میدان چھوڑنا ، کیفیت ، آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا ، دشوار ، فخر ، چار دن کی چاندنی پھر اندھیری رات ، ہتھیار ڈالنا ، جاں باز ، خلاف ، مان نہ مان میں تیرا مہمان ، ایک ہی تھیلے کے چٹّے بٹّے ہونا ، جیسی کرنی ویسی بھرنی ۔

(سوال11) غزل میرؔ اور غزل غالبؔ کا مطلع اور مقطع لکھئے۔

(سوال12) ردیف اور قافیہ کسے کہتے ہیں؟ غزل میرؔ اور غزل غالبؔ کے قافیے اور ردیف لکھئے۔

(سوال13) اپنی درسی کتاب 'جان پہچان' کے سبھی اسباق اور نظمیں غور سے پڑھیئے اور آخر میں دیئے گئے سبھی سوالات و جوابات اور تمام مشقیں یاد کیجئے۔

(سوال14) اپنی درسی کتاب 'دور پاس' کے سبھی اسباق اور نظمیں غور سے پڑھئے اور آخر میں دیئے گئے سبھی سوالات و جوابات اور تمام مشقیں یاد کیجئے۔

-------------X--------------

**Prepared by:**

**Uzma Muzaffar Azmi (GSS)**